www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9676/04**

Paper 4 Texts **October/November 2010**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*4264743427*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Candidates who have prepared *Afsané* as their selected text from Section 2, **may** in this examination answer all three questions from Section 1.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may **not** take set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جواب **اردو** میں لکھیں۔

آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔

اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (CW/TL) 33088/1
© UCLES 2010
UNIVERSITY of CAMBRIDGE International Examinations

www.PapaCambridge.com

## Section 1

## پہلا حصہ

**1** Ghazlein

## ا۔غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

ارض و سما کہاں تیری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

وحدت میں تیری حرف دوئی کا نہ آسکے
آئینہ کیا مجال تجھے منہ دکھا سکے

میں وہ فتادہ ہوں کہ بغیر از فنا مجھے
نقشِ قدم کی طرح نہ کوئی اٹھا سکے

اخفائے رازِ عشق نہ ہو آبِ اشک سے
یہ آگ وہ نہیں جسے پانی بجھا سکے

مستِ شرابِ عشق وہ بے خود ہے جس کو حشر
اے دردؔ چاہے لائے بخود پھر نہ لا سکے

**(i)** اس غزل کے کون سے دو اشعار سے آپ سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں؟ اور کیوں؟

**(ii)** مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے دردؔ کی شاعرانہ صفات پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) دوسرے غزل گو شعرا سے موازنہ کرتے ہوئے یہ بتایئے کہ حسرتؔ موہانی کو رئیس المتغزّلین کیوں کہا جاتا ہے؟ [25]

www.PapaCambridge.com

**2** Nazmein

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

میری محبوب انہیں بھی تو محبت ہوگی
جن کی صنّاعی نے بخشی ہے اسے شکل جمیل
ان کے پیاروں کے مقابر رہے بے نام و نمود
آج تک ان پہ جلائی نہ کسی نے قندیل

یہ چمن زار یہ جمنا کا کنارہ یہ محل
یہ منقّش درودیوار یہ محراب یہ طاق
اک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر
ہم غریبوں کی محبت کا اڑایا ہے مذاق

میری محبوب! کہیں اور ملا کر مجھ سے

(i) اس نظم میں بادشاہوں کے بارے میں شاعر نے اپنے خیالات کا اظہار کس انداز سے کیا ہے؟

(ii) اس نظم کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے یہ بتائیے کہ ساحؔر زندگی کی محرومیوں اور معاشرتی تضاد کے اظہار میں کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں۔

یا

(ب) ''اقبالؔ کی شاعری محض ذاتی جذبات و احساسات کے اظہار کا نام نہیں بلکہ اس سے لوگوں کی اصلاح اور بیداری کا کام بھی لیا جا سکتا ہے۔'' اشعار کے حوالے سے بحث کیجیے۔

[25]

**3** *Afsané*

www.PapaCambridge.com

## سعادت حسن منٹو۔ٹوبہ ٹیک سنگھ

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

> بعض پاگل ایسے بھی تھے جو پاگل نہیں تھے۔ ان میں اکثریت ایسے قاتلوں کی تھی جن کے رشتہ داروں نے افسروں کو دے دلا کر پاگل خانے بھجوا دیا تھا کہ پھانسی کے پھندے سے بچ جائیں۔ یہ کچھ کچھ سمجھتے تھے کہ ہندوستان کیوں تقسیم ہوا ہے اور یہ پاکستان کیا ہے۔ لیکن صحیح واقعات سے یہ بھی بے خبر تھے۔ اخباروں سے کچھ پتا نہیں چلتا تھا اور پہرے دار سپاہی ان پڑھ اور جاہل تھے۔ ان کی گفتگو سے بھی وہ کوئی نتیجہ برآمد نہیں کر سکتے تھے۔ ان کو صرف اتنا معلوم تھا کہ ایک آدمی محمد علی جناح ہے جس کو قائد اعظم کہتے ہیں۔ اس نے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ ملک بنایا ہے جس کا نام پاکستان ہے۔ یہ کہاں ہے؟ اس کا محل وقوع کیا ہے۔ اس کے متعلق وہ کچھ نہیں جانتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ پاگل خانے میں وہ سب پاگل جن کا دماغ پوری طرح ماؤف نہیں ہوا تھا اس مخمصے میں گرفتار تھے کہ وہ پاکستان میں ہیں یا ہندوستان میں۔ اگر ہندوستان میں ہیں تو پاکستان کہاں ہے۔ اگر وہ پاکستان میں ہیں تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ کچھ عرصہ پہلے یہیں رہتے ہوئے بھی ہندوستان میں تھے۔

(i) پاگل کس کش مکش میں گرفتار تھے؟

(ii) ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے حوالے سے ہندوستان کی تقسیم کے بارے میں اپنے تاثرات تفصیل سے قلمبند کیجیے۔

**یا**

(ب) ''بیدی نے اپنے افسانوں میں غربت کے مسائل تو اجاگر کیے ہیں مگر طبقاتی کش مکش کا اظہار نہیں کیا ہے۔'' اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

## Section 2
## دوسرا حصہ

**4** Umrao Jan Ada, Mirza Ruswa

### ۴۔امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) ''یہ کہنا سراسر غلط ہوگا کہ طوائف بننے کے بعد بھی معاشرے میں امراؤ جان ادا نے عزت و وقار کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔'' بحث کیجیے۔

یا

(ب) '' فیض علی کا کردار مردانہ کرداروں میں سب سے زیادہ جاندار ہے۔'' آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں۔

[25]

**5** Aangan, Khadijah Mastoor

### ۵۔آنگن، خدیجہ مستور

(الف) عالیہ کا اپنے بڑے چچا سے کیسا رشتہ تھا؟ تفصیل سے وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) بڑے چچا کی سیاسی سرگرمیوں کا اثر ان کے خاندان پر کیا ہوا؟

[25]

**6** Anar Kali, Imtiaz Ali Taj

### ٦۔انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) '' انارکلی سے سچی محبت ہونے کے باوجود سلیم ایک کمزور عاشق نظر آتا ہے۔'' تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ڈرامہ انارکلی پڑھنے والے کے دل میں کیا دلآرام کے لیے کبھی ہمدردی کے جذبات بھی پیدا ہو سکتے ہیں؟ اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

[25]

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of